شرائط نیلام بابت ٹھیکہ سٹاپ / آڈہ تجوڑی برائے ایک سال 27-2026

از 01/07/2026 تا 30/06/2027 تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل

1۔ یہ ٹھیکہ برائے ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہوگی۔

2۔ لوکل کونسل بورڈ ٹیمر، مخصوص رہنما شدہ ٹھیکیدار برائے سال 2026-2027 بولی میں حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ ٹھیکیدار منتخب کردہ بولی میں حصہ لینے سے قبل اپنی رجسٹریشن بمعہ تصدیقی شناختی کارڈ تحصیل آفیسر ریگولیشن تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل کے پاس جمع کرانے کے پابند ہونگے۔

3۔ کسی بھی لوکل کونسل، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کا ملازم اور رشتہ دار یا کوئی رشتہ دار اور پارٹنر بولی میں حصہ نہیں لے سکتا۔ اگر کوئی شخص (ٹھیکیدار) آفیسر نظام کے نظر میں جوابی معترض ہو۔ یا فائی دار ہو۔ تو اسے بولی سے روکا جا سکتا ہے۔ اسکی طرف سے جمع شدہ رقم بھی ضبط کی جا سکتی ہے اور مزید جمع لیا جا سکتا ہے۔

4۔ خواہشمند رہنما شدہ ٹھیکیداران مبلغ -/50,000 روپے بصورت بینک کال پے آرڈر، ڈرافٹ یا رقم بطور زرِ ضمانت بولی میں حصہ لینے سے قبل بنام تحصیل میونسپل آفیسر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل جمع کرانے ہونگے۔ کامیاب بولی دہندہ کو بصورت منظوری اس کا زرِ ضمانت 30/06/2027 کے بعد ہفتہ وار بیس کے دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل کا کوئی قرم واجب الادا نہ ہو واپس کر دیا جائے گا اور اگر اس کے ذمہ کوئی قرم واجب الادا ہوئی تو زرِ ضمانت ضبط کر لی جائے گی اور جو رقم واپس کر دی جائے گی۔ ناکام بولی دہندہ کو بھرے بولی ان کا زر بیعانہ واپس کر دیا جائے گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ (ٹھیکیدار) اندر بیعانہ دو یوم کل زر ٹھیکہ کا 5% سیکورٹی اور 15% ایڈوانس قرم جمع کرے گا۔ اور اس رقم کی ادائیگی منظوری کے بعد سب سے آخر اقساط میں کی جائے گی۔ میعاد میں سیکورٹی اور ایڈوانس جمع نہ کرنے پر ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا۔ کل زر ٹھیکہ کیا رہا ساری اقساط کے حساب سے ہر ماہ کی آخری تاریخ کو واجب الادا ہوگی جبکہ پہلی قسط 1 جولائی 2026 کے آخر میں ٹھیکیدار ادا کرے گا پابند ہوگا۔ بوجہ تاخیر واقع ادائیگی کی صورت میں قسط کے حساب پر 2% یومیہ جرمانہ ٹھیکیدار کو ادا کرنا ہوگا اگر دس روز تک قسط 2% یومیہ ادا نہ کیا گیا تو تحصیل میونسپل آفیسر کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ٹھیکہ منسوخ کرے۔ زرِ ضمانت و زرِ بقائی جمع تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل ضبط کرے اور دوبارہ ٹھیکہ Risk and cost کے بنیاد پر کرے۔ بالفاظ دیگر چلانے کی صورت میں اگر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل کا کوئی خسارہ ہوا تو اس کی بھرائی ٹھیکیدار کی ذاتی جائیداد سے پوری کی جائے گی۔ اجارہ دار (ٹھیکیدار) کو اس کارروائی کو کسی عدالت میں چیلنج کرنے کا بیرگز اختیار نہ ہوگا۔

6۔ ٹھیکیدار پر لازم ہوگا کہ وہ ٹھیکہ شروع کرنے سے پہلے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل کے ساتھ شرائط کے مطابق اپنے خرچ پر اقرار نامہ تحریر کرے گا بصورت دیگر اسے ٹھیکہ کی چارج نہیں دی جائے گی۔

7۔ شرائط کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ تصور کر کے اس کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ منظور ہونے کے بعد سات دن کے اندر اندر خانات جامہ جو کہ مناسب بلیٹ کے مناسب سائز پر ہوگا اور جو ڈبل اینٹیل ٹھپہ بت کا تصویر شدہ ہوگی کرے گا۔

09۔ اگر یہ ہدایت ہوا کہ شیڈول کی شرح سے زائد لیں لاری اڈہ وصول کیا گیا تو تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل آفیسر ریگولیشن یا اسسٹنٹ تحصیل آفیسر ریگولیشن موقع پر زائد وصول شدہ قرم کو پورا سمجھ کر ٹھیکیدار سے وصول کیا جائے گا۔ زائد وصول شدہ قرم کو متعلقہ شخص کو واپس ادا کر دی جائے گی اور بقایا قرم تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل فنڈ میں جمع کی جائے گی ٹھیکیدار گورنمنٹ (تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل) کے منظور شدہ شیڈول آف ریٹس کے مطابق ٹیکس وصول کرے گا۔ کوئی خلاف ورزی شرائط / شیڈول نہیں کرے گا۔ اور اگر ٹھیکیدار اس قسم کے قرم کا قانونی اقدامات کا بار بار مرتکب ہوا تو قانون کے مطابق اُن کا ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔ خسارے کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔

10۔ ٹھیکیدار زر بیعانہ کے علاوہ کل زر نیلام کے قرم حکومت کے منظور شدہ مروجہ شرح کے مطابق ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ گورنمنٹ اس بارے میں وقتاً فوقتاً ہدایات / احکامات جاری کرتے ہیں۔ ٹھیکیدار ان تمام ہدایات / احکامات پر گورنمنٹ کا پابند ہوگا۔

11۔ اگر کوئی ٹھیکیدار کسی اسٹرک گورنمنٹ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، ویگن یا حکومت کے کسی بھی محکمہ کا بقایا دار ہو اور بولی میں حصہ لینے سے پہلے اس حقیقت کو واضح نہ کیا گیا ہو اور ٹھیکیدار حاصل کرے جس کا عدم پتہ لگ جائے۔ تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار کا زر بیعانہ بغیر وضاحت ضبط تصور ہوگا اور ٹھیکہ منسوخ کر کے دوبارہ ٹھیکیدار کے Risk and cost پر نیلام کیا جائے گا دوبارہ نیلامی کی صورت میں اگر کوئی خسارہ ہوا تو اس کی وصولی ٹھیکیدار سے کی جائے گی۔

12۔ جب ایک دفعہ ٹھیکہ کسی کے نام منظور ہو جائے تو کسی دوسرے آدمی کے نام منتقل نہیں کر سکے اور نہ ہی کسی اجارہ دار کے اور اگر معلوم ہوا کہ اصل اجارہ دار ٹھیکہ کو بھاگ میں پیسہ نہیں لیتا ہے تو اسے منسوخ کیا جائے گا ٹھیکہ کو نیلام کرنے کے نقصان کی صورت میں وصولی ٹھیکیدار سے کی جائے گی۔ ٹھیکہ نامہ کے متعلق قرارداد اصل اجارہ دار ادا کرے گا۔

13۔ لاری اڈہ ٹیکس کے وصولی کے لئے ٹھیکیدار صرف متعلقہ فارم / رسیدات جو گورنمنٹ (تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل) کا منظور شدہ ہو استعمال کرے گا۔ رسیدات بھی حتمی ٹھیکیدار کو دیکھ رہی ہوگی اگر حتمی قیمت ٹھیکہ نامہ کو ادا کر رہی ہوگی۔ اس کے علاوہ فارم / رسیدات چھپوا کر ٹھیکیدار استعمال کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

14۔ ٹیکس وصولی میں رقم / جنس کا اختیار حکومت کو حاصل ہوگا جس کی پابندی ٹھیکیدار پر لازمی ہوگی۔ اور ٹھیکیدار کو اس پر کوئی عذر نہ ہوگا۔

16۔ ٹھیکیدار اگر کسی وجہ سے نقصان میں ہو جائے مثلاً زیادہ بارشیں، بڑھتی قدرتی آفات یا رواج بند ہو اور غیرہ وغیرہ تو ان تمام نقصان / خسارے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل کا متعلق ہوگا۔ اور نہ ہی کسی قسم نقصان کا Claim کرنے کا ٹھیکیدار مجاز ہوگا۔

15۔ ٹھیکیدار ڈویلپمنٹ نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 مورخہ 07/05/2026 کا پوری طرح کا پابند ہوگا نیز ٹھیکیدار ان تمام احکامات گورنمنٹ کا پابند ہوگا۔ جو گورنمنٹ سے وقتاً فوقتاً جاری ہوتے ہیں۔

16۔ ٹھیکیدار لاری اڈہ چلانے کے لئے چوکی وغیرہ کا بندوبست خود کرے گا۔ جس میں تمام سہولتیں ہونگے۔ مثلاً (پینے کا پانی، زنانہ / مردانہ انتظار گاہ، بیرین وغیرہ) ٹھیکیدار کو کل زر ٹھیکہ پر 10% سے زیادہ گراؤنڈ رینٹ نہیں وصول کیا جائے گا اور نہ ہی مطالبہ کرے گا۔ البتہ ٹھیکہ گریو قرارداد طریقہ کار واضح کیا جائے گا۔

Page-II, Stop/Adda Tajori

17۔ ٹھیکیدار منظور شدہ شیڈول ریٹ کے مطابق لاری اڈہ ٹیکس وصول کرے گا۔ منظور شدہ ریٹ سے ہرگز تجاوز نہیں کرے گا۔ شیڈول ایک بنا اور شیڈول ریٹس نوٹس بورڈ پر آویزاں کرے گا۔

1۔ فلائنگ کوچ۔	-/20 روپے یومیہ
2۔ ایس ایک اپ	-/20 روپے یومیہ
3۔ بس تمام قسم	-/30 روپے یومیہ
4۔ کوسٹر	-/30 روپے یومیہ
6۔ لیٹی موٹر کار	-/10 روپے یومیہ

18۔ یہ کہ اور ان بڑھتی فرانسپورٹ وغیرہ کے بارے میں ٹھیکیدار کسی قسم کی معافی کا حقدار نہ ہوگا۔

19۔ یہ کہ اگر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل مفاد عامہ کے سوالات کے پیش نظر کسی بھی لاری اڈہ جات شروع کرے تو ٹھیکیدار کو اس پر کوئی عذر / اعتراض نہ ہوگا اور نہ کرے گا۔

20۔ اگر ٹھیکیدار کسی وجہ سے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل کا نادہندہ ہوا تو اس کے اسے واجب الادا رقم اس کے کارنڈ سے بھی قانونی طور پر وصول کی جائے گی۔ جملہ تمام اخراجات بذمہ کارنڈ ہونگے۔

21۔ یہ کہ ٹھیکہ نامہ کی حتمی منظوری مجاز اتھارٹی دے گا۔

22۔ اگر فریقین (ٹھیکیدار اور ٹی ایم اے) کے درمیان کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو تنازعہ کی صورت میں ٹھیکیدار باہوا رنڈ کا نہیں رہے گا بلکہ تنازعہ حل کرنے کے لئے جنرل میونسپل آفیسر، ہوں ڈویژن ہوں کے سپرد کیا جائے گا۔ اور جنرل میونسپل آفیسر بطور (Arbiterator) دونوں فریقین کے درمیان ایک بیٹھ کے اندر فیصلہ کرے گا Arbitertator کا فیصلہ دونوں فریقین کے لئے قابل قبول ہوگا اور کسی عدالت میں چیلنج نہیں کرے گا۔ البتہ ٹھیکیدار اور پبلک کے درمیان کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو اس کا فیصلہ متعلقہ کونسل کرے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

23۔۔۔ ٹھیکیدار کو اگر ٹیکس وصولی کے لئے ٹی ایم اے سٹاف کی ضرورت پڑ گئی تو ان تمام سٹاف کی تنخواہ، پنشن اور دیگر مراعات وغیرہ گورنمنٹ کے مروجہ شرح کے مطابق ہر ماہ کے قسط کے ساتھ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

24۔ اگر ٹھیکیدار نے مذکورہ بالا شرائط میں سے کسی شرط کی خلاف ورزی کی تو ٹھیکہ نامہ منسوخ کیا جائے گا اور جملہ جمع شدہ رقم ٹھیکیدار کا بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غرنی ٹیل ضبط کی جائے گی دوبارہ نیلامی کی صورت میں جرم کے نقصان کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔

نوٹ: مرکزی / صوبائی حکومت نے جو ٹیکس مقرر کیے ہیں یا اور ان ٹھیکہ مقرر کئے گئے تو ٹھیکیدار اسی کے مطابق ادائیگی کا پابند ہوگا۔

تحصیل آفیسر ریگولیشن
TMA، غرنی ٹیل

تحصیل میونسپل آفیسر
TMA، غرنی ٹیل